ایک ورچؤل داخلوں کے معلوماتی سیشن میں تشریف لائیں!

عزیزی اہلِ خانہ،

مڈل اسکول درخواست کا آغاز **بدھ، 11 اکتوبر، 2023** سے ہوگا؛ نیویارک شہر کے موجودہ پانچویں گریڈ کے تمام طلبا کے خاندانوں کو مڈل اسکول میں درخواست دینے کے بارے میں ایک براہِ راست ورچوئل معلوماتی اجلاس میں ہمارے ساتھ شامل ہونے کی دعوت کی جاتی ہے۔ اس پیشکش کے بعد، ہم آپکے سوالات کے جواب دیں گے۔ ہر تقریب ورچوئل ہوگی، لہٰذا آپ کہیں سے بھی شامل ہوسکتے ہیں!

ہر آن لائن تقریب کے دوران، ہم ذیل پر بات کریں گے:

- اپنے MySchools.nyc اکاونٹ تک کیسے رسائی حاصل کریں۔ مائی اسکولز این وائی سی پبلک اسکولز کی آن لائن اسکول کی ڈائریکٹری اور درخواست کا نظام ہے۔
- اپنے بچے کے مڈل اسکول انتخابات کے بارے میں کیسے جانیں۔
- کیسے درخواست دیں اور پیشکشیں کیسے کی جاتی ہیں۔

ہر تقریب کا مواد ایک ہی جیسا ہے، لیکن **مختلف تقریبات کے لیے مختلف (زبانوں میں) ترجمانی کی خدمات فراہم کی جائیں گی**، جو حسبِ ذیل ہیں:

- **17 اکتوبر، شام 5 تا شام 6 بجے |** تقریب انگریزی میں منعقد ہوگی۔ ترجمانی ذیلی زبانوں میں فراہم کی جائے گی: بنگالی، کوریائی، ہسپانوی
- **18 اکتوبر، شام 5 تا شام 6 بجے |** تقریب انگریزی میں منعقد ہوگی۔ ترجمانی ان زبانوں میں فراہم کی جائے گی: چینی (مینڈرین)، ہیشیئن کریول، اردو
- **19 اکتوبر، دوپہر 1 تا دوپہر 2 بجے |** تقریب انگریزی میں منعقد ہوگی۔ ترجمانی ان زبانوں میں فراہم کی جائے گی: عربی، فرانسسی، روسی

کس طرح شامل ہوں:

- ہر تقریب براہ راست منعقد کی جائے گی۔ تقریب کے آغاز کے وقت زُوم پر یہاں کلک کرکے ہمارے ساتھ شرکت کریں:https://bit.ly/2023FallMSEvents.
- اہم نوٹ: تقریب سے دو کاروباری دن پہلے اپنی ای میل یا schools.nyc.gov/Middle دیکھیں: ہم آپکو ایک پیغام بھیجیں گے جس میں وہ **زُوم لنک** اور **پاس ورڈ** شامل ہوگا جو آپکو شامل ہونے کے لیے درکار ہوگا، اور ساتھ ہی فراہم کردہ زبانوں میں **ترجمانی کے لیے کال کرنے کے فون نمبرز** بھی۔

شرکت نہیں کرسکتے، یا مزید جاننا چاہتے ہیں؟

- schools.nyc.gov/Middle پر جائیں۔ پہلی تقریب کے دو ہفتے بعد ہماری ویب سائٹ پر تقریب کی ریکارڈنگ زیریں تحریر (کیپشنز) ترجمے کے ساتھ دستیاب ہوگی۔

نیک تمنائیں،
مڈل اسکول داخلے ٹیم، دفتر برائے طالب علم اندراج